# آفسٹیڈ انسپکشن نومبر ۲۰۱۳

پچھلے مہینے ہمارے سکول کا آفسٹیڈ کے افسر نے ہمارے سکول کا معائنہ کیا تھا۔ یہ معائنہ کافی تفصیل سے کیا گیا اور اس کی رپورٹ بھی لکھی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق:

- سکول کے زیادہ تر طلبا بہترین ترقی کرتے ہیں۔ خاص کر انگریزی اور حساب کے لیسنز میں۔ سکول کے اُستاد سب بچوں سے پڑھائی میں اچھی سی اچھی توقع رکھتے ہیں۔

- سارے بچے چاہے وہ معذور ہوں، پڑھائی کرنے میں مشکلات ہوں، جن کی پہلی زبان انگریزی نہیں اور اگر اُن کے گھر کے مالی حالات ٹھیک نہیں، سب اچھی پڑھائی کرتے ہیں اور اُن کو ذاتی مدد بھی ملتی ہے۔

- سکول میں پڑھائے گئے مضمون بہترین ہیں۔ سب کو مناسب قسم کی پڑھائی ملتی ہے اور ہر بچے کی ضرورت اور قابلیت کا دھیان رکھا جاتا ہے۔

- سکول کے بچوں کا رویہ برتاؤ اعلیٰ ہے۔ بچوں کو فخر ہے کہ سکول میں مختلف ملکوں اور مذہبوں کے بچے

سکول میں داخل ہیں۔ بچے ایک دوسرے کی عزت
کرتے ہیں - اس کے علاوہ بچے اُستاد اور سٹاف کا
احترام کرتے ہیں - اس کی وجہ سے سکول میں امن ہے -
- سکول کا چھوٹا فارم بھی زبردست ہے - اس میں
پڑھائی مضبوط قِسم کی ہوتی ہے اور سب بچوں کو
اچھی راہ نمائی مِلتی ہے -
- سکول کا سٹاف خاص کر کے پرنسپل، سینئیر ٹیم،
گورنر اور سٹاف سکول کو بہتر کرنے پر ثابت قدم ہیں -

اس جائزے میں ۸ انسپیکٹر نے حصہ لیا اور اس دوران
53 لیسنز کو دیکھا - اس کے علاوہ پرنسپل، سینیئر
سٹاف، اُستاد اور طلبا کے ساتھ بھی ملاقاتیں ہوئیں -
بچوں کی کام کی کتابوں کو بھی غور سے دیکھا گیا اور اِن
بچوں کے ساتھ پڑھائی کے بارے میں بات چیت بھی ہوئی -
سکول آتے جاتے وقت بھی بچوں کو دیکھا گیا اور اسمبلی
میں بھی حصہ لیا گیا - 23 والدین نے سکول کے بارے
میں اپنی اپنی رائے بھی پیش کی اور ایک والدین نے انسپیکٹر

کو سکول اور سکول کی پڑھائی کے بارے میں عبا چوڑا خط لکھا - بچوں کی رپورٹ دیکھی گئیں اور امتحان کے نتیجوں پر بھی غور کیا گیا - ان سب چیزوں کے علاوہ سکول کی کاغذی کاروائی کی بھی چیکنگ ہوئی -

## سکول کے بارے میں تفصیل -

سلو اینڈ ایٹن سکول ایک عام سائز کا سکول ہے - جب پچھلی بار سکول کا معائنہ ہوا تھا تو اس وقت بھی ہمارا سکول بہترین سکول بنایا گیا تھا - سکول میں زیادہ تلبا مختلف کلچر کے ہیں - زیادہ تعداد پاکستانی بچوں کی ہے اور سکول کے زیادہ تر بچوں کی پہلی یا مادری زبان انگریزی نہیں - سکول میں معزور بچے، اور وہ بچے جن کو پڑھائی حاصل کرنے میں مشکلات ہیں - ان کی اور سکولوں سے زیادہ تعداد ہے اور سکول میں ان بچوں کے لئے زبردست سہولتیں دستیاب ہیں - سکول میں دو چھوٹی الگ بلڈنگ ہیں - ایک میں ان

بچوں کے لئے سہولتیں ہیں جن کو بولنے اور پڑھنے میں
مسئلہ ہو۔ دوسری بلڈنگ میں وہ بچے ہیں جن کو
شدید یا مُختلف قِسم کے مسئلے مسائل ہوں۔

کلاس گیارہ کے کچھ بچے سکول کے بجائے فیُرتھر کالج
میں پڑھائی حاصل کر رہے ہیں۔

## رپورٹ کا فیصلہ

سکول میں داخل ہونے پر زیادہ بچوں کی پڑھائی توقع
سے کمزور ہوتی ہے۔ کلاس گیارہ میں پہنچنے تک بچوں
کی پڑھائی اور امتحانات کے رزلٹ قومی توقعات پر ہی
آجاتے ہیں۔

حساب میں بچے زبردست پڑھائی کر رہے ہیں اور
ہر سال بہتری کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

انگلش کلاسز میں بھی بچے اچھی پڑھائی کر رہے ہیں اور
آئندہ بھی یہی امید ہے کہ اچھے سے اچھے رزلٹ آئیں۔

زیادہ قابل بچوں کے لئے بھی سہولتیں اور سپورٹ
دستیاب ہیں۔

جن بچوں کی مادری زبان انگریزی نہیں ہے وہ بچے
تیزی سے بہتر ہوتے جا رہے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ
ان بچوں کو فالتو پڑھائی اور مدد کے لئے لنشا نہ بنایا
جاتا ہے۔

مقصود اور ضرورت مند بچوں کی عمدہ قسم کی مدد
اور حمایت ہوتی ہے جس کی وجہ سے یہ بچے بھی اچھی
سے اچھی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

کلاس سات میں آتے ہی بچوں کو ہر قسم کی مدد ملتی
ہے جس کی وجہ سے اُن کی علم کی بنیاد بن جاتی ہے۔
امتحانات کے دوران کچھ بچوں کو انگریزی اور حساب
کے امتحان جلدی دینے کا بھی موقع دیا جاتا ہے۔ اس سے
اُن کا حوصلہ بڑھتا ہے۔

چھٹی فارم کے بچے بھی اعلٰی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔
ان بچوں کو مناسب اور دل چسپ کورس ملتے ہیں۔
اور ان کی پڑھائی پر خاص غور کیا جاتا ہے۔ اس سے
ان بچوں کے امتحانوں کے رزلٹ بھی بہتر ہوتے ہیں۔

## پڑھائی کی معیار

- سکول میں لیسن زیادہ تر بہت اچھے یا زبردست ہوتے ہیں۔ ان میں چھٹی فارم کے لیسن بھی شامل ہیں۔ اس کی وجہ سکول کے طلبا پڑھائی میں تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔

- ہر استاد اپنے موضوع میں ماہر ہے۔ استاد بہت سوچ سمجھ کر لیسن کو تیار کرتے ہیں۔

- جو سٹاف بچوں کی مدد اور سہارے کے لئے رکھا گیا ہے وہ سب فائدے مند ثابت ہوتے ہیں۔ یہ سٹاف استادوں کے ساتھ مل کر بچوں کی مدد کرتے ہیں اور اچھی توجہ دیتے ہیں۔

- سکول کا سٹاف بچوں کو ان کی پراگرس کے بارے میں لگاتار بتاتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں کو یہ بھی بتاتے ہیں کہ وہ کس طریقے سے اپنی پڑھائی کو سدھار سکتے ہیں۔ سٹاف بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ان کے ساتھ ہر بات پر اعتراض کر سکیں۔

- سٹاف اکثر بچوں کو سوال جواب کے طریقے سے ان کی سمجھ بوجھ کو بھی ٹیسٹ کرتے ہیں۔
اس سے بچوں کی احساسیت بڑھتی ہے اور بچے خود کر سکتے ہیں کہ کہاں کمی ہے۔

## بچوں کا رویہ برتاؤ اور حفاظت سلامتی

- بچوں کا پڑھائی کے بارے میں رویہ بہت اچھا ہے۔ کلاس میں بچے ایک دوسرے سے اور سٹاف کے ساتھ تمیز سے پیش آتے ہیں۔
- بچوں نے کہا کہ وہ سکول میں محفوظ محسوس کرتے ہیں۔

بچے اس بات پر فخر کرتے ہیں کہ سکول میں ہر قومیت کے بچے موجود ہیں - اُن کو خوشی ہے کہ اُن کے ملک کا جھنڈا ہال میں لگا ہوا ہے -

- پڑھائی کے دوران بچوں کو یہ بھی سکھایا جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو محفوظ اور صحت مند کیسے رکھ سکتے ہیں - بچوں کو ہر قِسم کے خطرے کے بارے میں ہم آگاہ کرتے ہیں -

- سکول میں بچوں کی حاضری قومی توقعات سے زیادہ ہے - اور سکول سے نکالے گئے بچوں کی تعداد ہوتی جاتی ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ سکول کے والدین سے بہت اچھے تعلقات ہیں -

- چھٹی کلاس کے تلبا باقی بچوں کے لئے اچھی مثال ہیں اور ان کے آپس میں بے حد اتفاق ہے -

- جن والدین نے ماننے کے دوران انسپکٹرز کو سکول کے بارے میں اپنی رائے دی انہوں نے سکول کے بارے میں اچھی باتیں کہیں - والدین نے کہا کہ اُن کے بچوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے اور اُن کے بچے ہر بُری چیز سے سکول میں محفوظ ہیں -

## سکول کے سربراہ اور انتظام

- سکول کے پرنسپل سکول کو بہتر کرنے پر قائل ہیں یہ ذمہ داری پوری سٹاف محسوس کرتے ہیں اور سب سکول کے بارے میں مخلص ہیں -

- سینئر سٹاف اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ سکول میں کمزوریاں بھی ہیں - سکول کے سٹاف کو باقاعدہ طور پر ٹریننگ کروائی جاتی ہے -

- کلاسز کے دوران سینئر سٹاف ان کی جانچ لگاتا ہے

چیکنگ بھی کرتے ہیں تا کہ پتہ چلے کے لیسن کا معیار کیا ہے۔ سٹاف کو ایک خاص پروگرام دیا جاتا ہے جس پر عمل ہوتا ہے۔

- بچوں کو اس سکول میں اُن کی مرضی کے موضوع پڑھائے جاتے ہیں۔ سکول کے بعد کی زندگی کے لئے بچوں کے ساتھ مشورہ ہوتا ہے

- کلاسز کے علاوہ بھی بچوں کے لئے بہت کچھ دستیاب ہے۔ بچوں کو کلبز اور باقی سرگرمیوں کے لئے وقت اور جگہ دی جاتی ہے۔

- سکول کے گورنر بھی سکول میں دل لگی سے کام کرتے ہیں۔ سکول کے لئے وہ اچھی توقعات رکھتے ہیں۔ اُن کو سکول کے بارے میں ہر خبر ہوتی ہے اور اپنی اپنی جگہ پر وہ بھی تجربہ کار ہیں۔ گورنر کسی بھی وقت سکول کے بارے میں سوال جواب کر سکتے ہیں۔ سکول کی مالی معاملات کے بارے میں یہ پوری خبر رکھتے ہیں۔ سکول کے پرنسپل کو بھی یہ پتہ ہے کے گورنرز کے آگے وہ جواب دہ ہیں۔

## اس معائنے کا فیصلہ

ہمارے سکول کو بہت ہی اعلیٰ اور شاندار سکول ہونے کا فیصلہ ملا ہے۔ اس فیصلے کے مطابق بچوں کی ضرورتوں کا دھیان رکھا جاتا ہے۔ سکول چھوڑنے تک بچوں کو اہم تعلیم اور اچھے مشورے دئے جاتے ہیں۔ ان سے یہ فائدہ ہوتا ہے کے سکول کے بعد کی زندگی کے لئے بچے پوری طرح تیار ہوتے ہیں۔

# سکول کی تفصیل

| | |
|---|---|
| 137287 | سکول کا ریفرنس نمبر |
| Slough | لوکل اتھارٹی |
| 426696 | انسپیکشن کا نمبر |
| Secondary | سکول - سکنڈری |
| Academy | سکول کا درجہ - اکیڈمی |
| 11-19 years | بچوں کی عمر - ۱۱-19 |
| Mixed | بچوں کی جنس - مکس |
| mixed | چھٹی کلاس کے بچوں کی جنس - مکس |
| 1093 | سکول میں بچوں کی تعداد - ۱۰۹۳ |
| 234 | چھٹی کلاس میں بچوں کی تعداد - ۲۳۴ |
| Governing Body | با اختیار آدمی - گورنر |
| Mr. Jon Reekie | گورنرز کے چیرمین - جان ریکی |
| Mr. Paul McAteer | سکول کے پرنسپل - پول مک اٹیر |
| 5 May 2011 | پچھلی انسپیکشن کی تاریخ - 5 مئی 2011 |
| 01753 520824 | سکول کا فون نمبر |
| 01753 574914 | سکول کا فیکس نمبر |
| reception@slougheton.com | سکول کا ای میل ایڈریس |

اگر آپ اس انسپیکشن کے بارے میں کوئی شکوہ، شکایت کرنا چاہیں تو آفسٹیڈ کے ویب سائٹ پر لکھے ہوئے طریقہ کار کو پڑھ لیں۔